# 91907 ـ باپردہ خاتون کا تصویر والے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دینا

**سوال**

میں خطابت اور دعوت الی اللہ کی تعلیم حاصل کر رہی ہوں، انہوں نے میرے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی مانگی ہے، میں نے پڑھائی شروع کی اور ابھی تك شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی نہیں دی کیونکہ میں پردہ کرتی ہوں، میں نہیں چاہتی کہ کاغذات جمع کرنے والا اور ہمیں پڑھانے والا ڈاکٹر میرا چہرہ دیکھے.
سوال یہ ہے کہ کیا شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دینے میں مجھ پر کوئی گناہ تو نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو یہ تعلیم اور پڑھائی آپ کے لیے اور معاشرے کے لیے فائدہ مند ہے اور اس سے معاشرے کو علمی اور عملی، اور دعوتی اور تطبیقی فائدہ پہنچے تو ہمیں امید ہے کہ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دینےمیں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں.

اور خاص کرجب وہ اصل شناختی کارڈ نہیں بلکہ فوٹو کاپی مانگ رہے ہیں، اصل شناختی کارڈ طلب نہیں کر رہے، چنانچہ آپ کے لیے تصویر کو کچھ سیاہ کرنا ممکن ہے حتی کہ وہ واضح نہ ہو.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو توفیق سے نوازے، اور آپ کو ثابت قدمی عطا فرمائے.

واللہ اعلم .